

# اَلذّٰرِيٰت

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| وَالذّٰرِيٰتِ ذَرۡوًا ۙ (١) | قسم ہے ان ہواؤں کی جو اڑا کر بکھیر دیتی ہیں۔ |
| فَالۡحٰمِلٰتِ وِقۡرًا ۙ (٢) | پھر اٹھاتی ہیں بوجھ (بادل کا)۔ |
| فَالۡجٰرِيٰتِ يُسۡرًا ۙ (٣) | پھر چلتی ہیں آہستہ آہستہ۔ |
| فَالۡمُقَسِّمٰتِ اَمۡرًا ۙ (٤) | پھر تقسیم کرتی ہیں اس امر (بارش) کو۔ |
| اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَصَادِقٌ ۙ (٥) | بیشک جو وعدہ تم سے کیا جاتا ہے وہ سچا ہے۔ |
| وَّاِنَّ الدِّيۡنَ لَوَاقِعٌ ؕ (٦) | اور یقیناً انصاف کا دن ضرور واقع ہو گا۔ |
| وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡحُبُكِ ۙ (٧) | اور قسم ہے آسمان کی جس میں راستے ہیں۔ |
| اِنَّكُمۡ لَفِىۡ قَوۡلٍ مُّخۡتَلِفٍ ۙ (٨) | بیشک تم ہو ایک بات میں اختلاف والی۔ |

| | |
|---|---|
| يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ؕ ﴿۹﴾ | پھیرا گیا اس (قرآن) سے جو پھرا ہوا ہے۔ |
| قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۙ ﴿۱۰﴾ | ہلاک ہوئے اٹکل دوڑانے والے۔ |
| الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۙ ﴿۱۱﴾ | وہ جو بے خبری میں بھولے ہوئے ہیں۔ |
| يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ؕ ﴿۱۲﴾ | پوچھتے ہیں کہ کب ہو گا جزا کا دن۔ |
| يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ | وہ دن جب وہ آگ میں تپائے جائیں گے۔ |
| ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ | چکھو مزہ اپنی شرارت کا۔ یہ وہی ہے تم جس کے لئے جلدی مچایا کرتے تھے۔ |
| اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ۙ ﴿۱۵﴾ | بیشک متقی ہونگے باغوں میں اور چشموں میں۔ |
| اٰخِذِيْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ؕ ﴿۱۶﴾ | لے رہے ہوں گے جو دیتا ہو گا انہیں ان کا رب۔ بیشک وہ تھے اس سے پہلے نیکوکار۔ |
| كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ | یہ تھے کم ہی رات کو سویا کرتے۔ |
| وَ بِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ | اور صبح کے اوقات میں وہ استغفار کرتے تھے۔ |

| | |
|---|---|
| وَ فِيۡۤ اَمۡوَالِهِمۡ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالۡمَحۡرُوۡمِ ﴿۱۹﴾ | اور انکے مالوں میں حق ہوتا ہے مانگنے والوں کا اور حاجت مندوں کا۔ |
| وَ فِي الۡاَرۡضِ اٰيٰتٌ لِّلۡمُوۡقِنِيۡنَ ۙ﴿۲۰﴾ | اور زمین میں ہیں نشانیاں یقین والوں کیلئے۔ |
| وَ فِيۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ | اور تمہاری جانوں میں۔ تو کیا نہیں تم دیکھتے۔ |
| وَ فِي السَّمَآءِ رِزۡقُكُمۡ وَ مَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۲۲﴾ | اور آسمان میں ہے تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ |
| فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّكُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ﴿۲۳﴾ | تو قسم ہے رب کی آسمان اور زمین کے۔ یقیناً یہ حق ہے اسی طرح جیسے تم بات کرتے ہو۔ |
| هَلۡ اَتٰٮكَ حَدِيۡثُ ضَيۡفِ اِبۡرٰهِيۡمَ الۡمُكۡرَمِيۡنَ ﴿۲۴﴾ | کیا پہنچی ہے تمہارے پاس خبر ابراہیم کے مہمانوں کی جو بہت معزز تھے۔ |
| اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَيۡهِ فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوۡمٌ مُّنۡكَرُوۡنَ ﴿۲۵﴾ | جب وہ آئے اسکے پاس تو کہا سلام۔ اسنے جواباً کہا سلام۔ یہ لوگ جان پہچان کے نہیں لگتے۔ |
| فَرَاغَ اِلٰٓى اَهۡلِهٖ فَجَآءَ بِعِجۡلٍ | پھر وہ چلا گیا اپنے گھر والوں کے پاس۔ پھر لیکر |

| | |
|---|---|
| سَمِيۡنٍ ۙ ۝٢٦ | آیا ایک بچھڑا (بھنا ہوا) موٹا تازہ۔ |
| فَقَرَّبَهٗۤ اِلَيۡهِمۡ قَالَ اَلَا تَاۡكُلُوۡنَ ۝٢٧ | پھر رکھا انکے آگے کہنے لگا کیوں نہیں کھاتے۔ |
| فَاَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ خِيۡفَةً ؕ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ ؕ وَبَشَّرُوۡهُ بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ ۝٢٨ | پھر محسوس کیا انسے خوف۔ انہوں نے کہا خوف نہ کر۔ اور بشارت دی اسکو دانشمند لڑکے کی۔ |
| فَاَقۡبَلَتِ امۡرَاَتُهٗ فِىۡ صَرَّةٍ فَصَكَّتۡ وَجۡهَهَا وَقَالَتۡ عَجُوۡزٌ عَقِيۡمٌ ۝٢٩ | تو آگے آئی اس کی بیوی چلاتی ہوئی پھر پیٹ لیا اسنے اپنا منہ اور بولی ایک بڑھیا بانجھ۔ |
| قَالُوۡا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ۝٣٠ | انہوں نے کہا یوں ہی فرمایا ہے تیرے رب نے۔ بیشک وہ ہے صاحب حکمت خبردار۔ |
| قَالَ فَمَا خَطۡبُكُمۡ اَيُّهَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ ۝٣١ | اس (ابراہیم) نے کہا تو کیا ہے تمہارا اصل کام اے بھیجے ہوئے (فرشتوں)۔ |
| قَالُوۡۤا اِنَّاۤ اُرۡسِلۡنَاۤ اِلٰى قَوۡمٍ مُّجۡرِمِيۡنَ ۙ ۝٣٢ | انہوں نے کہا بیشک ہم بھیجے گئے ہیں ایک قوم کی طرف جو مجرم ہیں۔ |
| لِنُرۡسِلَ عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ طِيۡنٍ ۙ ۝٣٣ | تاکہ برسائیں ان پر پتھریاں گارے کی۔ |

| | |
|---|---|
| مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ | نشان زدہ تیرے رب کی طرف سے حد سے بڑھ جانے والوں کے لئے ۔ |
| فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ | پس نکال لیا ہم نے جو تھا اس (بستی) میں اہل ایمان میں سے ۔ |
| فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ | پھر نہ پایا ہم نے اس (بستی) میں سوائے ایک گھر کے کوئی مسلمانوں کا (گھرانہ)۔ |
| وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ | اور باقی چھوڑ دی ہم نے وہاں نشانی ان لوگوں کے لئے جو ڈرتے ہیں عذاب الیم سے ۔ |
| وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ | اور موسیٰ (کے واقعہ) میں جب بھیجا ہم نے اسکو فرعون کیطرف کھلے ہوئے معجزہ کیساتھ۔ |
| فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ | تو منہ موڑ لیا اس نے اپنی قوت کے گھمنڈ پر اور کہنے لگا یہ تو جادوگر ہے یا دیوانہ ۔ |
| فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ | تو پکڑ لیا ہمنے اسکو اور اسکے لشکروں کو پھر پھینک دیا انکو سمندر میں اور وہ ملامت زدہ تھا ۔ |

| | |
|---|---|
| وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿٤١﴾ | اور عاد (کے واقعہ) میں جب بھیجی ہم نے ان پر ایک نامبارک آندھی۔ |
| مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿٤٢﴾ | نہ چھوڑتی تھی وہ کوئی چیز چلتی تھی وہ جسپر مگر یہ کہ کرڈالتی تھی اسکو جیسے ریزہ ریزہ۔ |
| وَ فِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٤٣﴾ | اور ثمود (کے واقعہ) میں جب کہا گیا ان سے کہ فائدہ اٹھا لو ایک وقت تک۔ |
| فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿٤٤﴾ | پس انہوں نے سرکشی کی اپنے رب کے حکم کی، سو آپکڑا انکو کڑک نے اور وہ دیکھ رہے تھے۔ |
| فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ | پھر نہ وہ طاقت رکھتے تھے کھڑے رہنے کی اور نہ بچاؤ کرسکتے تھے۔ |
| وَ قَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾ | اور نوح کی قوم کو اس سے پہلے (ہم ہلاک کر چکے تھے) بیشک وہ لوگ تھے نافرمان۔ |

| | |
|---|---|
| وَ السَّمَآءَ بَنَيۡنٰهَا بِاَيۡىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ ﴿۴۷﴾ | اور آسمان بنایا ہم نے اسکو اپنی قدرت سے اور یقیناً ہم ہر طرح کی وسعت رکھتے ہیں۔ |
| وَ الۡاَرۡضَ فَرَشۡنٰهَا فَنِعۡمَ الۡمٰهِدُوۡنَ ﴿۴۸﴾ | اور زمین بچھایا ہم نے اسکو تو کیا خوب ہم بچھانے والے ہیں۔ |
| وَ مِنۡ كُلِّ شَىۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَيۡنِ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۴۹﴾ | اور ہر چیز کے ہم نے پیدا کئے دو جوڑے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ |
| فَفِرُّوۡۤا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّىۡ لَـكُمۡ مِّنۡهُ نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۚ ﴿۵۰﴾ | تو دوڑ چلو تم اللہ کی طرف بیشک میں تمکو اسکی طرف سے خبردار کرنے والا ہوں کھلے طور پر۔ |
| وَ لَا تَجۡعَلُوۡا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّىۡ لَـكُمۡ مِّنۡهُ نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۚ ﴿۵۱﴾ | اور نہ بناؤ اللہ کیساتھ معبود دوسرا۔ بیشک میں تمکو اسکیطرف سے ڈرانے والا ہوں کھلے طور پر۔ |
| كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا قَالُوۡا سَاحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ۚ ﴿۵۲﴾ | اسیطرح نہیں آیا ان لوگوں کے پاس ان سے پہلے کوئی رسول مگر انہوں نے کہا جادوگر یا دیوانہ۔ |
| اَتَوَاصَوۡا بِهٖ ۚ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ | کیا انہوں نے آپس میں وصیت کی ہے اسی |

| | |
|---|---|
| طَاغُوْنَ ج ﴿٥٣﴾ | بات کی ۔ نہیں بلکہ یہ لوگ ہیں ہی سرکش ۔ |
| فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿٥٤﴾ | تو موڑ لو اپنا رخ انسے سو نہیں تمکو کوئی ملامت ۔ |
| وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾ | اور نصیحت کرتے رہو پس یقیناً نصیحت نفع دیتی ہے مومنوں کو ۔ |
| وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾ | اور نہیں پیدا کیا ہے میں نے جنوں اور انسانوں کو مگر یہ کہ وہ میری عبادت کریں ۔ |
| مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّ مَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿٥٧﴾ | نہیں چاہتا میں ان سے کوئی رزق اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں ۔ |
| اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿٥٨﴾ | بیشک اللہ ہی رزق دینے والا ہے زور آور ہے مضبوط ہے ۔ |
| فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٥٩﴾ | سو بیشک انلوگوں کے لئے جنہوں نے ظلم کیا عذاب مقرر ہے جیسا عذاب ہوا انکے ساتھیوں کو تو نہیں انکو مجھ سے جلدی کرنی چاہیے ۔ |
| فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ | تو خرابی ہے ان کے لئے جنہوں نے کفر کیا |

| | |
|---|---|
| الَّذِیۡ یُوۡعَدُوۡنَ ﴿۶۰﴾ | انکے اسدن میں جسکا انسے وعدہ کیا جاتا ہے۔ |